آغا خانی
کی مذہبی کہانی





از قلم

شیخ التفسیر والحدیث استاذ العلماء رئیس المفسرین

علامہ مفتی محمد فیض احمد اویسی قادری رضوی مدظلہ العالی

باہتمام مولانا فضیل رضا قادری عطاری

ناشر سبزواری پبلیشرز

www.ja-alhaq.com

شہید مسجد کھارادر، کراچی، پاکستان فون 0303-6208968

فہرست

نمبر شمار	موضوع	صفحہ نمبر
۱	عرض ناشر	۴
۲	دور حاضرہ	۷
۳	الجواب	۷
۴	آغا خانی کفر وارتداد کی زد میں کیوں؟	۸
۵	آغا خانی فرقہ کے کفریات	۹
۶	اسلاف نے فرمایا صالحین	۱۱
۷	تعارف فرقہ آغا خانی	۱۲
۸	اسماعیلیہ کا تعارف	۱۲
۹	اسماعیلیہ کی مختصر تاریخ	۱۳
۱۰	اسماعیلیہ کو باطنیہ کے نام سے موسوم کرنے کی وجوہات	۱۴
۱۱	باطنیہ کے اصول اساسی	۱۵
۱۲	تاریخ مذہب آغا خانی	۱۶
۱۳	اسماعیلیہ اپنے اسماء تاریخ کے آئینے میں	۱۶
۱۴	قرامطہ کے کرتوتوں کا نمونہ	۱۹
۱۵	شارح مشکوۃ مجدد دوراں	۱۹
۱۶	عقلی دلیل	۲۰
۱۷	شارح بخاری محقق احناف	۲۱
۱۸	عقائد آغا خانی	۲۳
۱۹	حقیقی کلمہ	۲۳
۲۰	یا علی مدد	۲۴
۲۱	پیر شاہ	۳۰
۲۲	علی کو اللہ کہہ کر اس کا سہارا حاصل کرو	۵۹
۲۳	اسم اعظم کی عنایت	۶۶

www.ja-alhaq.com

عرض ناشر

الحمدلله رب العالمین و الصلوۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین

امابعدo فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیمo بسم اللہ الرحمن الرحیم

قادیانیت بہائیت اور ذکری مذہب کی طرح اسمٰعیلی مذہب بھی جو ''آغا خانی'' کے نام سے معروف ہے کوئی اسلامی فرقہ نہیں بلکہ ایک مستقل مذہب ہے مگر اس مذہب کے ماننے والوں نے اپنے اس مذہب کی تعلیمات کو پردہ میں چھپا رکھا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نہ عام لوگوں کو اس مذہب کے اصول وعقائد معلوم ہیں نہ اہل علم حضرات کو بلکہ خود آغا خانی حضرات کی بڑی اکثریت بھی اپنے مذہب کے اصول مبادی اور آثار ونتائج سے بے خبر ہے۔ بس چند رسمیں ہیں جو باپ دادا کی تقلید میں پوری کی جارہی ہیں اس کے علاوہ وہ کچھ نہیں جانتے کہ مذہب کیا ہے؟ مذہب کی غرض وغایت کیا ہے۔

اس وقت پاکستان میں آغا خانی مختلف علاقوں میں آباد ہیں اور آجکل مختلف طریقوں سے اپنا اثر ورسوخ بڑھانے کی کوششوں میں مصروف ہیں جس سے ملک کی سالمیت اور بقاء کو بھی خطرہ لاحق ہے اور ملت کے نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ اس لیے نہایت ضروری تھا کہ مسلمان بھائیوں کو اس فرقہ کی اصل حقیقت سے واقف کیا جائے تاکہ کسی بھی پیش آنے والے خطرہ سے مقابلہ کرسکیں اور ملک وملت کی حفاظت کرسکیں انھی وجوہات کی بناہ پر قبلہ ''علامہ فیض احمد اویسی صاحب'' نے ''آغا خانی کی مذہبی کہانی'' تحریر فرمائی۔

الحمدللہ آپ نے اپنی اس کتاب میں اس باطنی فرقہ کے رخ سے نقاب الٹ

www.ja-alhaq.com

دی ہے اور یہ ثابت کر دیا ہے کہ اس فرقہ باطنیہ کو کس طرح بھی مسلمان شمار کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

آپ نے اپنی اس کتاب میں خود آغا خانی حضرات کی مستند کتابوں سے مختصر نمونے اور حوالے اور ان کی کتابوں کے عکس شائع کر کے ثابت کیا ہے کہ یہ مسلمان فرقہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک ہندوں فرقہ ہے۔

اللہ تعالیٰ قبلہ اویسی صاحب کو جزاء خیر عطا فرمائے کہ جنھوں نے ''آغا خانی مذہب کی کہانی'' تحریر فرما کر مسلمانوں کو اس فتنے سے بچانے کی کوشش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت کے قلم میں ایسی طاقت عطا فرمائے جو دشمنان اسلام کے سروں کو قلم کرتی رہے اور تمام مسلمان بھائیوں کو اس کتاب سے فیض یاب ہو کہ اس فتنے سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین بجاء النبی الآمین صلی اللہ علیہ وسلم

محمد فضیل رضا عطاری عفی عنہ

۲۸ ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ بمطابق 17 ستمبر 2001ء

www.ja-alhaq.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

الحمدللہ الذی خلق السموات والارض وجعل الظلمت والنور ومن علی المؤمنین اذبعث فیھم رسولا ○ رسول وحبیبہ رحمۃ للعالمین الذی من تمسلک بذیلہ نال سعادۃ الدارین ومن احب الصلوۃ علیہ فاز فی الکونین فوزا عظیما ○ وصلی اللہ تعالی علیہ وعلی الہ واصحابہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ صلاۃ دائمۃ بدوام ملکہ باقیۃ ببقائہ لامنتھی لھا الی یوم الدین ○ امابعد !

آغا خانی فرقہ نہ صرف ہمارے نزدیک خارج از اسلام ہے بلکہ انکوا کابر عرصہ پہلے کافر و مرتد قرار دے چکے ہیں۔

سراج الہند شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (المتوفی ۱۲۳۹ھ) تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں۔ اسمعیلیوں پر بغیر کسی اختلاف کے کفر وارتداد کا حکم نافذ ہے۔ بلکہ وہ خود بھی خود کو مسلمان کہلوانے کے حق میں نہیں اور نہ دنیا میں کہیں انہوں نے مسجد بنوائی۔ اس لئے کہ وہ نماز کو فرض ہی نہیں سمجھتے ہیں۔ صرف جماعت خانے بنواتے ہیں جس میں شام کو سب عورت مرد جمع ہوکر کچھ تفریح کر لیتے ہیں وہ دنیاوی کاموں میں جو کچھ بھی حصہ لیں یہ ان کا فعل ہے۔ مگر مال و دولت کا لالچ دے کر اگر مسلمانوں کو اسلام سے پھیرتے ہیں اور اپنی جماعت میں داخل کرتے ہیں اور صدیوں پہلے انکے بارے میں آئمہ اسلام کا وہی خیال تھا جو ہمارا ہے چنانچہ حضرت امام حجۃ الاسلام ابو حامد محمد بن محمد الغزالی (المتوفی ۵۰۵ھ) اپنے رسالہ المستفر بہ جو الفضائح الباطنیہ، کے نام سے مشہور ہے لکھتے ہیں۔

ان کے (اسمعیلیوں کے) بارے میں مختصر بات یہ ہے کہ خون، مال، نکاح، ذبح،

www.ja-alhaq.com

فیصلوں کے نفاذ اور قضائے عبادات کے بارے میں ان کا حکم مرتدین کا ہے لیکن ان کی جان لینے کے بارے میں ان کے ساتھ کافر اصلی کا معاملہ نہیں کیا جائیگا کیونکہ کافر اصلی کے معاملہ میں براہ راست حکومت کو اختیار ہے کہ بطور احسان ان کو چھوڑ دے یا فدیہ لیکر چھوڑ دے یا ان کو قتل کردے یا ان کو غلام بنالے لیکن مرتدین کے معاملے میں اس کو یہ اختیار نہیں۔ ان کو غلام نہیں بنایا جا سکتا، نہ ان سے جزیہ قبول کیا جا سکتا ہے۔ نہ ان کو بطور احسان یا فدیہ لے کر چھوڑا جا سکتا ہے بلکہ ان کا قتل واجب ہے اور خدا کی زمین کو ان کے ناپاک وجود سے پاک کردینا ضروری ہے یہی حکم ان باطنیوں اسمٰعیلیوں کا ہے جو کہ عقیدہ رکھتے ہیں۔

دور حاضرہ

ہمارے اس دور میں بھی ان پر کفر و ارتداد کا فتوی ہے امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ کے علاوہ دیوبند کا فتوی بھی اسی طرح ہے۔

امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ ردالرفعہ میں انکے کفر و ارتداد کی تصریح فرمائی ہے اور دیوبندی فرقہ کے دارالعلوم دیوبند کا فتوی بھی یہی ہے جیسے ہم نے کہا چنانچہ فتاوی میں انکے متعلق سوال کے جواب میں لکھا

الجواب

سوال میں اس فرقہ کے جو عقائد لکھے گئے ہیں اگر وہ صحیح ہیں تو ان کے کافر ہونے میں قطعا کوئی شبہ نہیں ہے اور ان کے مرنے والے کے ساتھ وہ تمام مذہبی معاملے نہیں جو مسلمانوں کے ساتھ مخصوص ہیں پس نہ نماز جنازہ درست ہوگی نہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا اسی طرح ان کے ساتھ نکاح کرنا بھی جائز نہیں ہوگا اور نہ ان کا ذبیحہ جائز ہوگا

www.ja-alhaq.com

اور نہ مسلمانوں کا جیسا برتاؤ کرنا بیہۃ اظہر ان الرافضی ان کان ممن یعتقدا لالوھیۃ فی علی اوان جبریل غلط فحالوحی فھو کافر لمحا نقہ اقواطع المعللومۃ من الدین بالضرورۃ (ردالمختار)۔

ضروریات دین نماز، روزہ، حج، زکوۃ جیسے ارکان کا جو منکر ہو اس کے کفر میں کوئی شبہ نہیں رہ جاتا ہے۔

آغا خانی کفر وارتداد کی زد میں کیوں

بعض عوام ہمیشہ حضرات علماء کرام کے فتوائے کفر وارتداد سے مشاکی رہتے ہیں انہیں اسلام کے اس قاعدہ سے بے خبر والا علمی ہے کہ جس کی یہ ضروریات دین میں یہ کسی کلیہ کا انکار صادر ہو کر وہ لازما کافر ومرتد ہے اگر اسے اس کی اس حرکت پر کفر وارتداد کا فتوی نہ دیا جائے تو خود مفتی کافر ومرتد ہو جاتا ہے جیسا کہ مولوی مرتضی حسن دربھنگی نے اشد العذاب میں اعتراف کیا کہ مولانا احمد رضا بریلوی نے جو یہی فضلائے دیوبند کی کفری عبادات کو کفر سمجھا تو ان پر لازم ہو گیا کہ وہ انہیں کافر ومرتد کہیں ورنہ وہ خود کافر ہو جاتے ایسے ہی غلام احمد قادیانی کے کفر وارتداد پر خاموش ہونے والا خود کفر وارتداد کی زد میں رہیگا بلکہ جیسے کسی کے حق میں کفر وارتداد یقین ہو جائے وہ اگر اس پر کفر وارتداد میں شک کرے تو وہ بھی کافر ومرتد ہو جائیگا، من شک فی کفرہ فقد کفر، مشہور فتوی ہے۔ اسی

www.ja-alhaq.com

لئے ہم بھی آغا خانی فرقہ کی چند غلط اور بدعقیدگیوں کی بناء پر مجبور ہیں
ورنہ ہم خود کفر وارتداد میں کرجائینگے فقیر چند اجمالی اقوال وعقائد عرض کرتا ہے اسکے بعد
انکے مذہبی لٹریچر کی تصریحات عرض کرونگا، بیدہ التوفیق والصواب۔

آغا خانی فرقہ کے کفریات

جیسا کہ رویہ مذکور ہوا کہ جس فرقہ کا اعتقاد کفر تک پہنچے تو از روئے شریعت یہ فرقہ مرتد ہے۔ جیسا کہ شیعوں میں ایک فرقہ ہے جسے اسماعیلیہ کہا جاتا ہے۔ جس کا نام قرامطہ اور باطنیہ ہے انکے عقائد یہ ہیں، ہمارا سلام (یا علی مدد) جواب سلام (مولا علی مدد) تو یہ سلام قرآن مقدس کے حکم کے خلاف ہے۔ قرآن مقدس میں سلام اور جواب سلام ثابت ہے اور وہ یہ ہے۔ (واذا حییتم بتحیة فحیوا باحسن منها) جب سلام کیا جائے تو جواب سلام اچھے طریقہ سے دیا جائے، تو اس مشروعیت حکم سے انکار کفر ہے۔ (۲) اسماعیلیہ فرقہ کا کلمہ شہادت۔ (اشهدان لااله الا الله واشهدان محمد رسول الله واشهدان علی الله) اس کلمہ میں علی کو خدا سے نسبت کی گئی اور یہ کفر ہے۔ (۳) اسماعیلیہ فرقہ یہ کہتا ہے کہ وضو کی ضرورت نہیں دل کی صفائی چاہیے۔ حالانکہ حکم خداوندی ہے کہ نماز کیلئے وضو فرض ہے۔ (یاایها الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوة فاغسلوا وجوهکم وایدیکم الی المرافق وامسحوابرء وسکم وارجلکم الی الکعبین) ترجمہ:۔ اے ایمان والو جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو اپنے چہروں اور ہاتھوں کو کلائی تک دھولو، اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں تک دھولو، پس قرآن پاک سے ثابت ہوا کہ غسل بمعہ اعضاء ثلاثہ اور مسح سر فرض ہے۔ اور اس حکم سے انکار کفر ہے۔ (ہدایہ صہ ۳۰ جلد اول) (۵) رکوع کے انکار اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وارکعوا واسجدوا ھدایہ صہ ۹۲ جلد اول، (۴) اسماعیلیہ فرقہ آغا خانی کے نام

www.ja-alhaq.com

سے مشہور ہے کہتے ہیں کہ ہماری نماز میں قبلہ رو کھڑا ہونا ضروری نہیں۔ حالانکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وحیث ما کنتم فولو او جو ھکم شطرہ (ترجمہ) جس جگہ بھی ہو تو تم اپنے کو کعبہ شریف کی جانب کرو۔ (۶) فرقہ آغا خانی کہتا ہے کہ ہمارے مذہب میں پانچ وقت نماز نہیں۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد ہے کہ واسجدوا رکعو مع الراکعین ط (ترجمہ) تم نماز قائم کرو اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ، تو فرض نماز سے انکار صاف کفر ہے۔ دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ فسبحان اللہ حین تمسون وحین تصبحون ولہ الحمد فی السموت والارض وعشیا وحین تظھرون (ترجمہ) پاکی بیان کرو اللہ تعالیٰ کے لئے جب تم شام کو صبح کرو۔ اور ثناء ہے اللہ تعالیٰ کے لئے آسمانوں اور زمینوں میں نیز پاکی بیان کرو جب تم خفتن کرو اور جب کہ (۷) آغا خانی فرقہ کی عقیدہ ہے کہ روزہ اصل میں کان، آنکھ اور زبان کا ہوتا ہے کھانے پینے سے روزہ نہیں جاتا بلکہ روزہ باقی رہتا ہے کہ ہمارا روزہ سہ پہر کا ہوتا ہے، جو صبح دس بجے کھولا جاتا ہے، وہ بھی اگر مومن رکھنا چاہیے ورنہ ہمارا روزہ فرض نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ یاایھا الذین امنوا کتب علیکم الصیام ط (ترجمہ) اے ایمان والو تم پر روزہ فرض ہے۔ اس آیت مبارکہ سے روزہ رکھنا ہر بالغ مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔ اور یہ بھی کہتا ہے کہ ہمارا روزہ سہ پہر کا ہوتا ہے۔ ارشاد رب العزت ہے۔ کلوا واشربوا حتی یتبین لکھم الخیط الابیض (الخیط الاسود) من الفجر ثم اتم الصیام الی اللیل ط (ترجمہ) کھاؤ اور پیو اس وقت تک حتی کہ تمہیں نظر آجائے دھاری سفید جدا دھاری سیاہ سے فجر کی پھر پورا کرو روزہ رات تک (پارہ سوم قرآن پاک)۔

آغا خانی فرقہ کی آٹھواں عقیدہ یہ ہے کہ حج ادا کرنے کی بجائے ہمارے امام کا دیدار کافی ہے۔ حج ہمارے لئے فرض نہیں اس لئے کہ زمین پر خدا کا روپ صرف حاضر

www.ja-alhaq.com

امام ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے۔ وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا (ترجمہ) اے لوگو تم پر فرض ہے حج بیت اللہ شریف کا اپنی استطاعت کے مطابق تو حج اللہ تعالیٰ کا فرض حکم ہے۔ حج سے انکار کرنا کفر ہے۔ (۹) عقیدہ آغا خانی فرقہ یہ ہے کہ زکوٰۃ کی بجائے ہم اپنی آمدن میں دو آنہ فی روپیہ کے حساب سے فرض سمجھ کر جماعت خانوں میں دیتے ہیں جس سے زکوٰۃ ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ واتوا الزکوٰۃ (زکوٰۃ دیتے رہو) بقولہ علیہ السلام، ادوزکوۃ اموالکم (وعلیہ الاجماع الامۃ) ترجمہ۔ حضور علیہ السلام کا فرمان ہے کہ اپنے مالوں سے زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اس بات پر اجماع امت ہے۔

(۱۰) عقیدہ آغا خانی کا فرقہ یہ ہے کہ گناہوں کی معافی امام کی طاقت میں ہے۔ تو یہ سراسر کفر ہے۔ کیونکہ گناہوں کی معافی خداوند کریم کی طاقت میں کیونکہ اللہ تعالیٰ غفور الرحیم ہے۔ معافی مخلوق کے بس میں نہیں اور نہ ہی گھٹ پاٹ یعنی گندہ پانی چھڑکانے یا پینے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ اس لئے فرائض میں سے کسی ایک فرض کا انکار بھی کفر ہے۔ تلک شرہ کا سلام۔

اسلاف نے فرمایا صالحین

جیسا کہ مذکورہ بالا عبارات میں عرض کیا گیا اسی بناء پر ہم اسماعیلی اپنے عقائد کی بنیاد پر کافر ہیں۔ ان کے احکام مرتد کے ہیں۔ ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہو سکتی۔ ان کی تصویر کی پرستش کرتا ہے۔ (۲) ہندو اوتار کرشن کی صورت اپنے عبادت خانہ میں رکھ چھوڑی ہے (۳) اپنے کھاتہ کی ابتداء پر انت الامام الحاضر الموجود بجودی) اللھم انت سجودی وطاعتی۔ (قال عبدالکریم بن محمد بقتل القرامطۃ) شامی صہ ۱۰۷ ج سوم۔ آغا خانی فرقہ کی بسم اللہ کی بجائے لفظ ادم لکھتا ہے (۴) آغا خان کے اندر خدائی حلول کا

www.ja-alhaq.com

مقصد ہے۔

وغیرہ وغیرہ

نوٹ :۔ آنے والے اوراق میں فقیر آغا خانی مذہب کی اپنی مخصوص زبان کی مخصوص کتابوں کے اصل عبارات مع ترجمہ اردو یا انکا خلاصہ پیش کرتا ہے۔ چونکہ فقیر انکی زبان سے بے خبر ہے ممکن ہے نقول میں غلطی یا پس وپیش ہوگیا ہولیکن ترجمہ یا خلاصہ اور انکے حوالہ جات صحیح ہیں۔ آغا خانی کا مختصر تعارف وتاریخ ملاحظہ ہو۔

وبالله التوفيق وبيده الحق والصواب .

تعارف فرقہ آغا خانی

یہ بھی شیعہ فرقہ کی ایک شاخ ہے سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی امامت تک یہ سب ایک تھے انکے بعد اثنا عشریہ سے یہ فرقہ علیحدہ ہوگیا۔ یہ فرقہ سیدنا حضرت اسماعیل بن امام جعفر صادق رضی اللہ عنہما کی امامت کے معتقد ہوئے۔ چنانچہ ابو زہرہ مصری المذاہب الاسلام میں لکھتا ہے کہ فرقہ اسماعیلیہ امامیہ کی ایک شاخ ہے۔ یہ مختلف اسلامی ممالک میں پائے جاتے ہیں۔ اسماعیلیہ کسی حدتک جنوبی ووسطی افریقہ بلادشام پاکستان اور زیادہ تر انڈیا میں آباد ہیں۔ کسی زمانہ میں یہ برسر اقتدار بھی تھے۔ فاطمیہ مصر وشام اسماعیلی تھے۔ قرامطہ جو تاریخ اسلامی کے ایک دور میں متعدد ممالک پر قابض ہو گئے تھے اسی فرقہ سے تعلق رکھتے تھے۔

اسماعیلیہ کا تعارف

یہ فرقہ اسماعیل بن جعفر کی طرف منسوب ہے۔ یہ آئمہ کے بارے میں امام جعفر صادق تک اثنا عشریہ کے ساتھ متفق ہیں۔ امام جعفر صادق کے بعد ان دونوں میں

www.ja-alhaq.com

اختلاف پایا جاتا ہے۔ اثنا عشریہ کے نزدیک امام جعفر صادق کے بعد ان کے بیٹے موسیٰ کاظم امامت کے منصب پر فائز ہوئے۔ اس کے برعکس اسماعیلیہ امام جعفر صادق کے بیٹے اسماعیل کو امام قرار دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک جعفر صادق کے بعد ان کے فرزند اسماعیل اپنے والد کی نص کی بناء پر امام ہوئے۔ اسماعیل گو اپنے والد سے قبل فوت ہو گئے مگر نص کا فائدہ یہ ہوا کہ امامت ان کے اخلاف میں موجود رہی۔ کیونکہ امام کی نص کو قابل عمل قرار دینا اس کو مہمل کر کے رکھ دینے سے بہتر ہے۔ اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں کیونکہ اقوال امام امامیہ کے یہاں شرعی نصوص کی طرح واجب التعمیل ہیں۔

اسماعیل سے منتقل ہو کر خلافت محمد المکتوم کو ملی یہ مستور ائمہ میں سے اولین امام تھے امامیہ کے نزدیک امام مستور بھی ہو سکتا ہے اور اس کی اطاعت بھی ضروری ہوتی ہے محمد مکتوم کے بعد ان کے بیٹے جعفر مصدق پھر ان کے بیٹے محمد حبیب کو امام قرار دیا گیا۔ یہ آخری مستور امام تھے۔ ان کے بعد عبداللہ مہدی ہوئے جس کو ملک المغرب بھی کہا جاتا ہے اس کے بعد ان کی اولاد مصر کی بادشاہ ہوئی اور یہی فاطمی کہلائے۔ اسکے بعد کہا۔

اسماعیلیہ کی مختصر تاریخ

دوسرے فرقوں کی طرح شیعہ کا یہ فرقہ بھی سرزمین عراق میں پروان چڑھا اور دیگر فرقوں کی طرح وہاں تختہ مشق ظلم و ستم بنا انھیں فارس و خراسان اور دیگر اسلامی ممالک مثلاً ہندوترکستان کی طرف بھاگنا پڑا۔ وہاں جا کر ان کے عقائد میں قدیم فارسی افکار اور ہندی خیالات گڈمڈ ہو گئے اور ان میں عجیب وغریب خیالات کے لوگ پیدا ہونے لگے جو دین کے نام سے اپنی مقصد برآری کرتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ متعدد فرقے اسماعیلیہ کے نام سے موسوم ہو گئے بعض دینی امور کے اندر محدود رہے اور بعض اسلام کے اساسی اصولوں کو ترک کرتے اسلام سے باہر نکل گئے۔

www.ja-alhaq.com

اسماعیلیہ فرقہ کے افراد پر ہندو برہمنوں۔ اشراقی فلاسفہ اور بدھ مت والوں سے ملے جلے۔ کلدانیوں اور ایرانیوں میں روحانیت اور کواکب و نجوم سے متعلق جو افکار پائے جاتے تھے۔ وہ بھی اخذ کئے پھر ان مختلف النوع افکار و نظریات کا ایک معجون مرکب تیار کیا۔ ایسے لوگ دائرہ اسلام سے بہت دور نکل گئے۔ بعض اسماعیلیہ نے صرف واجبی حد تک ان افکار سے استفادہ کیا اور اسلامی حقائق سے وابستہ رہنے کی کوشش کی۔ ان کے سب سے بڑے داعی باطنیہ تھے جو جمہور امت سے کٹ گئے تھے اور اہل سنت کے نظریات سے انہیں کوئی تعلق نہ تھا۔ یہ جس قدر حقائق کو چھپاتے تھے اسی قدر عام مسلمانوں سے دور نکلتے جاتے تھے۔ ان کے جذبۂ اخفاء کا یہ عالم تھا کہ خطوط لکھتے وقت اپنا نام نہیں لکھتے تھے۔ مثال کے طور پر رسائل اخوان الصفاء باطنیہ کی کاوش قلم کا نتیجہ ہیں۔ یہ رسائل بڑے مفید علمی معلومات پر مشتمل ہیں اور ان میں بڑے عمیق فلسفہ پر خیال آرائی کی گئی ہے۔ مگر یہ نہیں پتہ چلتا کہ کن علماء نے ان کی تسوید و تحریر میں حصہ لیا (یہ فرقہ کئی فرقوں اور ناموں سے یہ دور میں موجزن رہا ابوزہرہ مذکورہ بالا تقریر لکھ کر اسماعیلیہ کا باطنیہ کے نام کی وجہ تسمید لکھتے ہیں کہ۔

اسماعیلیہ کو باطنیہ کے نام سے موسوم کرنے کی وجوہات

اسماعیلیہ کو باطنیہ یا باطنین بھی کہتے ہیں۔ اسماعیلیہ کو یہ لقب اس لئے ملا کہ یہ اپنے معتقدات کو لوگوں سے چھپانے کی کوشش کرتے تھے۔ اسماعیلیہ میں اخفاء کا رجحان پہلے پہل جور و ستم کے ڈر سے پیدا ہوا اور پھر ان کی عادت ثانیہ بن گئی۔

اسماعیلیہ کے ایک فرقہ کو حشاشین (بھنگ نوش) بھی کہتے ہیں جن کی کرتوتوں کا انکشاف صلیبی جنگوں اور حملہ تاتار کے آغاز میں ہوا۔ اس فرقہ کے اعمال قبیحہ کی بدولت اس دور میں اسلام اور مسلمانوں کو بڑا نقصان پہنچا۔

www.ja-alhaq.com

ان کو باطنیہ کہنے کی وجہ یہ بھی ہے کہ یہ اکثر حالا میں امام کو مستور مانتے ہیں۔ ان کی رائے میں مغرب میں انکی سلطنت کے قیام کے زمانہ تک امام مستور رہا۔ یہ حکومت پھر مصر منتقل ہوگئی۔

ان کو باطنیہ ان کے اس قول کی وجہ سے بھی کہا جاتا ہے کہ شریعت کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن لوگوں کو صرف ظواہر شریعت کا علم ہے۔ باطن کا علم صرف امام کو معلوم ہوتا ہے۔ بلکہ امام باطن الباطن سے بھی آگاہ ہوتا ہے۔ اسی عقیدہ کے تحت باطنیہ الفاظ قرآن کی بڑی دور از کار تاویلیں کرتے ہیں۔ بعض نے تو عربی الفاظ کو بھی عجیب وغریب تاویلات کا جامہ پہنادیا۔ ان تاویلات بعیدہ اور اسرار امام کو وہ علم باطن کا نام دیتے ہیں۔ ظاہر و باطن کے اس چکر میں اثنا عشریہ بھی باطنیہ کے ہمنوا ہیں۔ بہت سے صوفیاء نے بھی باطنی علم کا عقیدہ اسماعیلیہ سے اخذ کیا۔

بہر کیف اسماعیلیہ اپنے عقائد کو پس پردہ رکھنے کی کوشش کرتے اور مصلحت وقت کے تحت بعض افکار کو منکشف کرتے۔ باطنیہ کے اخفاء وعقائد کا یہ عالم تھا کہ مشرق و مغرب میں برسر اقتدار ہونے کے دوران بھی وہ اپنے افکار وآراء کو ظاہر نہیں کرتے تھے۔

باطنیہ کے اصول اساسی

اعتدال پسند باطنیہ کے افکار وآراء دراصل تین امور پر مبنی تھے۔ ان سب میں اثنا عشریہ ان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

۱۔ علم ومعرفت کا وہ فیضان الٰہی جس کی بناء پر ائمہ فضیلت وعظمت اور علم وفضل میں دوسروں سے ممتاز ہوتے ہیں۔ علم ومعرفت کا یہ عطیہ ان کی عظیم خصوصیت ہے۔ جس میں کوئی دوسرا فرد بشر ان کا سہیم وشریک نہیں۔ جو علم انہیں دیا جاتا ہے وہ عام انسانوں کے لئے بالائے ادراک ہوتا ہے۔

www.ja-alhaq.com

۲۔ امام کا ظاہر ہونا ضروری نہیں بلکہ وہ مستور بھی ہوتا ہے اور اس حالت میں بھی اس کی اطاعت ضروری ہوتی ہے۔ امام ہی لوگوں کا ہادی اور پیشوا ہوتا ہے کسی زمانہ میں اگر وہ ظاہر نہ بھی ہو تو کسی نہ کسی وقت وہ ظاہر ہوگا۔ قیام قیادت سے قبل امام کا منظر عام پر آنا ان کے نقطۂ نگاہ کے مطابق ضروری ہے۔ امام جب ظاہر ہوگا تو کائنات عالم پر عدل و انصاف کا دور دورہ ہو جائے گا۔ جس طرح اس کی عدم موجودگی میں جور و استبداد کا سکہ جاری رہتا تھا اب اسی طرح ہر طرح عدل و انصاف کی کارفرمائی ہوگی۔

۳۔ امام کسی کے سامنے جوابدہ نہیں ہوتا اور اس کے افعال کیسے بھی ہوں کسی کو ان پر انگشت نمائی کا حق حاصل نہیں ملخصا (اسلامی مذاہب صہ ۷۷ تا اردو مطبوعہ لاہور پاکستان)

تاریخ مذہب آغا خانی

یہی باطنیہ آگے چل کر مختلف اسماء اور مختلف عقیدوں و طریقوں سے ابھرا جسکی طویل داستاں کو مولانا نجم الغنی مرحوم نے مذاہب الاسلام میں صہ ۲۰۵ سے صہ ۳۵ تک پھر اسی کتاب میں مختلف جگہوں میں تفصیل لکھی ہے۔ فقیر نے اسکی تلخیص کر کے تاریخ مذہب آغا خانی علیحدہ رسالہ تیار کیا ہے یہاں بھی بقدر ضرورت عرض کرتا ہوں۔

اسماعیلیہ اپنے اسماء تاریخ کے آئینے میں

بابکیہ — بزمانۂ معتصم باللہ من ھارون الرشید ۲۲۰ھ

خرمیہ — خرم کی طرف منسوب ماں بہن سے جواز نکاح کے قائل

خرمیہ — تناسخ کے معتقد تھے

خرمیہ — یہ دونوں اس بابکیہ سے متعلق ہیں بابک ۲۲۳ھ میں مارا گیا۔

www.ja-alhaq.com

حمرہ وحمیر اسرخ لباس پہنتے تھے

تعلمیہ انکا عقیدہ تھا کہ معرفت انہی امام کے بغیر ناممکن ہے نسیم الریاض شرح شفا میں ہے کہ اسماعیلیہ کے جملہ فرقے معطلہ میں سے ہیں۔

مبارکیہ محمد بن اسماعیل بن جعفر رضی اللہ عنہ کے پیروکار ۵۹ھ میں یہ مذہب شروع ہوا۔اسی فرقہ سے واسطہ ہے

میمونیہ یہ لوگ عبداللہ بن میمونی کے پیروکار ہیں

باطنیہ اسی میمونیہ سے نام بدلا گیا اس لئے انکے نزدیک قرآن وحدیث کے ظاہر پر نہیں باطن پر عمل فرض ہے۔

خلفیہ یہ فرقہ خلف نامی کے متبع تھے یہ قیامت کے منکر تھے

قرامطہ جس نام سے یہ فرقہ بہت مشہور ہوا

یہ فرقہ دہشت گردی اور اسلام کے مٹانے میں بہت مشہور ہے اسکی قابل نفرین حرکات سے تاریخ کے صفحات بھرے پڑے ہیں۔یہی قرامطہ ہیں جن کے ہاتھوں بیت اللہ شریف میں ہزاروں حجاج کرام نے جام شہادت نوش کیا۔یہی قرامطہ ہیں جو کعبہ سے حجر اسود اکھاڑ کر لے گئے جو ۲۳ سال بعد ٹکڑوں کی صورت میں واپس ہوا۔یہی نہیں بلکہ انہوں نے شریعت محمدی کو چھوڑ کر ایک ایسا باطل اصول ایجاد کیا جس کی رو سے جملہ املاک بہ شمول خواتین مشترک قومی ملکیت قرار پائے۔

قرامطہ کے بعد حسن بن صباح یعنی ایران میں قلعہ الموت کے شیخ الجبال کا نمبر آتا ہے جس کے فدائیوں کی دہشت گردی اور قتل وغارت سے پورا مشرق وسطی حتی کہ یورپ بھی چیخ اٹھا تھا۔یہ فدائی وہی ہیں جن کو حشیش پلا کر فردوس بریں کے وعدہ پر ہر مذموم کام کرایا جاتا تھا۔حتی کہ صلیبی جنگوں میں کامیابی کا باعث افتخار جنرل صلاح الدین ایوبی کو

www.ja-alhaq.com

بھی انہوں نے کئی بار قتل کرنے کی ناکام کوشش کی بلکہ صلیبی جنگوں میں مسلمانوں کے مقابلہ میں عیسائیوں کا ساتھ دیا۔

برقعیہ یہ فرقہ محمد بن علی برقعی کے قائل ہیں ۲۵۵ھ میں ظاہر ہوا۔

جنابیہ ابوسعید بن حسن بن بہرام جنابی کے تابعدوہ

نوٹ: پانچوں مخترالہ کر فرقے قرامطہ میں شامل ہیں

مہدویہ عبداللہ مہدی کے پیروکار

دیصانیہ دیصان کی طرف منسوب ہیں

نوٹ:۔ یہ وہی عبداللہ مہدی کی پارٹی ہے اس فرقہ کو باطنیہ سے تعلق ہے خوب ترقی کی۔ انکے عہد میں تمام مصر میں مذہب اسماعیلیہ کا رواج ہوگیا۔ مفتی قاضی تمام کے تمام شیعہ ہوتے تھے۔ کوئی انکے خلاف کرتا تو قتل کردیا جاتا۔ مزید حبیب نے دور عثمانی میں حقیقت کا رواج دیا۔ مذاہب الاسلام صہ ۲۳۸) یہ بعد کی بات ہے۔ (فائدہ) مہدویہ کی حکومت میں ۲۹۶ھ میں شروع ہو ۲۶ برس عبدالسلام مہدی نے حکومت کی اسکے بعد یکے بعد دیگرے مذہب کی ترقی سے امام بدلتے رہے۔ مصر میں اسماعیلیہ کی ابتداء ۲۹۶، ۲۹۷ھ میں ہوئی اور اسکا خاتمہ ۵۶۷ھ میں ہوا دوسو ستر سال حکومت رہی (فائدہ) ابوعبداللہ سے آخری امام تک کل ائمہ ۱۴ ہوئے۔

مصر سے شیعہ مذہب شاکر سنیت کی ترویج سلطان صلاح الدین ایوبی کی مرہون سنت ہے اندریں دوران اذان کے وقت ''صلوٰۃ وسلام'' کھلم کھلا اور زور سے پڑھانے کا بقاعدہ سلسلہ بھی انہی کے دور سے شروع ہوا۔ تفصیل دیکھئے فقیر کی کتاب (شاہان اسلام)

مستعلویہ مستنصر کے بعد مہدویہ میں اختلاف ہوا تو ایک گروہ نے مستعلی کو امام مانا

www.ja-alhaq.com

نزاویه صاحبه حمیریه یہ نزار اور اسکے چیلوں کی طرف منسوب ہیں

حشیشن قرامطہ کے ایک گروہ کا نام

سبعیه سات اشخاص کی مناسبت سے

ان تمام فرقوں کی تفصیل اور انکے علاوہ اور بھی مزید تحقیق فقیر نے مذاہب اسلام کی مدد سے تاریخ مذہب آغا خانی میں لکھی ہے۔

مختصر خاکہ تاریخ مذہب آغا خانی ناظرین نے ملاحظہ فرمایا۔ اب اہل اسلام اپنے اسلاف صالحین کی زبانی آغا خانی کی کہانی ملاحظہ فرمالیں تاکہ اہل حق کو یقین ہو کہ یہ گروہ کتنا خطرناک ہے۔

قرامطہ کے کرتوتوں کا نمونہ

اس گروہ کی گندے کرتوتوں کا مختصر سا نمونہ دو معتقد ائمہ حدیث وفقہ کی گواہی کافی ہے۔

گواہ اوّل

شارح مشکوٰۃ مجدد دوراں

علامہ سلطان ملا علی قاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ مرقات شرح مشکوٰۃ ہے: صہ ۲۱ ج ۳ میں لکھتے ہیں۔ ومما یوید کون الرکن من الجنة لما اخرجة الکفرة القرامطة بعدان غلبوا المکة حتی ملنوا المسجد و زمزم من القتلی و ضرب الحجر بلفهم بربوس قال الی کم نعبث من دون الله زهبوابه الی بدر هم نکایةً للمسلمین فمکث عندهم بعضاً و عشرین سنة ثمه لما صولحوا بمال علے رده قالوا انه اختلط بین حجارة عندنا و تمیزه من غیر ه زان کانت لکم حلامة تمیزه فاتوا بهاو میزه فسئل اهل العلم من

www.ja-alhaq.com

علامة تیزہ فقالوا ان النار لا تو ثر فیه، لانه من الجنة نذکروا لهم ذالک فامتعنوا وصار کل حجر یلقونه، فی النار علے ادنی تاثیر فعلموا انه هو فرده، کندا فی العینی! (شرح بخاری)

ترجمہ:۔ حجر اسود کے بہشتی ہونے کے دلائل عقلی میں سے ایک دلیل یہ ہے کہ قرامطہ کفار جب مکہ معظمہ پر غلبہ پا گئے، تو انہوں نے مسجد حرام میں شہیدوں کا ڈھیر لگا دیا۔ اور چاہ زمزم کو خون سے بھر دیا۔ ایک بد بخت نے حجر اسود کو کدال مار کر کہا کہ تو اللہ تعالیٰ کے سواء کب تک پرستش کیا جائے گا۔ پھر اسی حجر اسود کو مسلمانوں کے رسواء کرنے کے لئے اکھیڑ کر ساتھ لے گئے۔ کئی عرصہ تک حجر اسود ان کے پاس رہا۔ (بیس تیس سال کے عرصہ تک) اس کے بعد اہل اسلام سے ان کی مصالحت ہوگئی تو مسلمانوں نے حجر اسود کو واپس لے جانے کا مطالبہ کیا۔ اور اس کے عوض زر کثیر بھی دینا قبول کیا۔ لیکن انہوں نے یہ عذر کیا کہ اب وہ پتھر ہمارے عام پتھروں میں مختلط ہو گیا ہے۔ ہمیں پتہ نہیں چلتا ہے کہ تمہارا حجر اسود کون سا ہے۔ اگر تمہیں کوئی نشانی معلوم ہے تو چل کر ہمارے پتھروں سے اٹھالو۔ عوام اہل اسلام نے علماء کرام سے سوال کیا۔ تو علمائے کرام رحمہم اللہ علیہ نے فرمایا۔ چونکہ حجر اسود بہشتی پتھر ہے اس لئے اس پر آگ کا اثر نہیں ہوگا۔ لہٰذا تمام پتھروں کو آگ میں پھینک دو۔ وہ تمام پتھر جل جائیں گے اور حجر اسود باقی رہ جائے گا۔ کفار بھی اس بات کو مان گئے۔ چنانچہ ان سب کو آگ میں پھینکا گیا۔ جونہی ان کا کوئی پتھر آگ میں جاتا فوراً ٹکڑے ہو جا۔ لیکن حجر اسود کو آگ میں پھینکا گیا تو اس پر معمولی طور پر بھی آگ کا اثر نہ ہوا اور اسے مسلمانوں نے اٹھالیا۔ اور واپس مکہ معظمہ میں لے آئے۔!

عقلی دلیل

موصوف الصدر حضرت علامہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ اللہ الباری، فرماتے

www.ja-ahnaf.com

ہیں کہ بہشتی ہونے کی دوسری عقلی دلیل یہ ہے کہ ومن العجب انه فی اندھایه مات تحته من شره ثقله اهل کثیرة وفی العود حمله جمل اجرب الیٰ مکته لمیتأثر به ط (مرقات جلد نمبر ۳: صہ ۲۱۰)

ترجمہ:۔ بڑی تعجب خیز بات یہ ہے کہ جب کفار (قرابطہ) حجر اسود کو اٹھا کر لے جانے لگے تو ان کے منزل مقصود تک کئی اونٹ حجر اسود کے بوجھ کی تاب نہ لا کر مر گئے۔ لیکن اسے اونٹ پر رکھا گیا۔ تو اسے معمولی سے معمولی تکلیف بھی نہ ہوئی!

گواہ دوم

شارح بخاری محقق احناف

امام بدرالدین عینی رحمۃ اللہ علیہ شرح بخاری صہ ۲۲ میں لکھتے ہیں کہ

کان ابو طاهر القدمطی من الباطنیة وقال هذا الحجر مقنطیس بنی ادم فجا وا الیٰ مکة وقلع الباب واصعد رجلاً من اصحابه یقطعالمینواب فتردی علی راسه الی جهنم وبس المآب واخذ الاسباب وقتل الحاج والقی القتلیٰ فی بوزمزم فهلک تحت الحجر من مکة الیٰ الکونة اربعون جملاً فعلقه (لنة الله علیه) علےٰ الاسطوانت السابقة من جامع الیٰ الکونة من الجانب الغربی ظنامنه ان الحج یتقل الی الکونة قال ابن ماجة ثمه حمل الحجکه سنة عشرة وثلاث مائة وبقی عندالقرامطة اثنین وعشر خمس شهراً ثمه دورالخمسی خلون من ذی الحجة وقالو اخذ تاه بامن ولانزد الابامروقیل ان القرامطة باع الحجر من الخلیفة بثلاثین الف دینار ثمه ار الحجر الی مکة علےٰ جملا عجف فسمن الی

www.ja-alhaq.com

مکۃ ط (شرفها الله تعالی)

ترجمہ:۔ ابوطاہر قرامطی کو بدگمانی تھی کہ حجر اسود بنی آدم کا مقناطیس ہے اسی لئے عالم دنیا سے اس کی طرف آتے ہیں اس نے مکہ شریف پر حملہ کیا۔ اور دروازہ توڑ کر اپنے ایک ساتھی کو بیت اللہ کی چھت پر چڑھایا۔ تاکہ میزاب اقدس توڑ کر دامے لیکن اللہ تعالی نے اسے وہیں ہلاک کر دیا۔ کہ سر کے بل گرا اور سیدھا جہنم میں پہنچا۔ اس کے بعد اس نے مکہ معظمہ کا تمام سامان اٹھایا۔ اور حاجیوں کو قتل کر کے زمزم میں پھینک دیا۔ جب حجر اسود کو اٹھا کر کوفہ لے جانے لگا تو کوفہ کے پہنچنے تک حجر اسود کے بوجھ سے چالیس آدمی فضا ہوئے۔ اس بد بخت نے جامع مسجد کوفہ کے ساتویں ستون پر غربی جانب حجر اسود کو لٹکایا۔ اس گمان پر کہ اب حج یہاں ادا ہوگا۔ لیکن اس کا خیال غلط ثابت ہوا۔ ابن ماجہ فرماتے ہیں۔ کہ حجر اسود ۳۱۷ھ میں مکہ معظمہ سے اٹھایا گیا۔ گویا قرامطہ کے ہاں بتیس سال ایک ماہ کم رہا۔ پھر ۵ ذی الحج ۳۳۹ھ کو واپس لوٹایا گیا (عباسی بادشاہ کے حکم سے واپس ہوا۔ جس نے اس کو لوٹانے پر قرامطہ کو پچاس ہزار دینار پیش کیا۔ لیکن پھر بھی انہوں نے پس و پیش کیا باوجود اس کے انہیں واپس لوٹانا پڑا!۔

کہتے ہیں کہ یہ قرامطہ نے خلیفہ مقتدر باللہ کے ہاں تیس ہزار دینار میں بیچ ڈالا تھا۔ اس کو جب مکہ معظمہ لوٹایا گیا تو ایک کمزور اونٹ پر رکھا گیا۔ وہ حجر اسود کی برکت سے مکہ معظمہ تک نہایت حسین وجمیل اور موٹا ہو گیا۔

مزید تفصیل حجر اسود فقیر کی تصنیف التحریر المسجد فی تحقق الحجر الاسود میں پڑھئے

www.ja-alhaq.com

عقائد آغا خانی

فقیہ اس مذہب کی اصل کتابوں سے انکے اصل عقائد اور اعمال و رسم پیش کرتا ہے۔

હકીકતી કલમો

અશહદુ અન લા ઈલાહા ઈલ્લલ્લાહ

વ અશહદુ અન્ન મુહમ્મદુ: રસુલુલ્લાહ,

વ અશહદુ અન્ન અમિરૂલ મોમેનીન

અલી યુલ્લાહ.

ترجمہ

حقیقی کلمہ

اشهدان لا اله الا الله و اشهدان محمد رسول الله و اشهدان

امیر المومنین علی الله.

ترجمہ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد اللہ کے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ علی اللہ ہیں یا (علی اللہ میں سے ہیں)

(حوالہ شلشن مالا بال منلہ

منظور شدہ درسی کتاب مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے ہند (بمبئی)

www.ja-alhaq.com

ખુદાની દયાથી માણસો જીવે છે.

ખુદાની દયાથી બધા જીવે છે.

ખુદાએ આપણને ઈન્સાન તરીકે

જન્મ આપ્યો છે.

જેથી આપણે સારા કામો કરવા

જોઈએ.

પાઠ બીજો

યા અલી મદદ

યા અલી મદદ આપણી સલામ છે.

ترجمہ

دوسرا سبق

یا علی مدد

یا علی مدد ہمارا اسلام ہے

حوالہ: سبق نمبر۲، صفحہ نمبر۶

"شکشھن مالا"

درسی کتاب برائے مذہبی، نائب اسکولز۔ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

www.ja-alhaq.com

મૌલા અલી મદદ એ સલામનો જવાબ છે

યાઅલી બાપા આપણને મદદ કરે છે
ઉઠતાં બેસતા યા અલી મદદ બોલવુ
ઘરની બહાર નિકળતા યા અલી મદદ બોલવું.
ધાર્મિક નિશાળમાં દાખલ થતાં યા અલી મદદ બોલવું.
ઘરમાં દાખલ થતી વખતે યા અલી મદદ બોલવું.
મા બાપને યા અલી મદદ કહેવું.
ભાઈ બહેનને યા અલી મદદ કહેવું.

ترجمہ

دوسرا سبق (مسلسل)

''مولی علی مدد'' سلام کا جواب ہے

یا علی بابا ہماری مدد کرتے ہیں۔

اٹھتے بیٹھتے ''یا علی مدد'' بولتے رہنا۔

گھر سے باہر نکلتے وقت ''یا علی مدد'' بولنا۔

مذہبی اسکول میں داخل ہوتے وقت ''یا علی مدد'' کہنا گھر میں داخل ہوتے وقت ''یا علی مدد'' کہنا۔

www.ja-alhaq.com

ماں باپ کو "یا علی مدد" کہنا (سلام کے طور سے) بھائی اور بہن کو "یا علی مدد" کہنا۔

حوالہ سبق نمبر ۲ صفحہ نمبر ۷ شاہ حسن مالا

درسی کتاب برائے مذہبی تعلیم نائب اسکولز۔ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

મુખી સાહેબ અને કામડીયા સાહેબને
યા અલી મદદ કહેવું.
યા અલી બાપા આપણી બિમારી
મટાડે છે.
યા અલી બાપા આપણા દુઃખ દુર
કરે છે.
મૌલા અલી આપણા સાચા
મદદગાર છે.
રાતના સુતા પહેલા, તેમ સવારમાં
ઉઠતાં યાઅલીની મદદ માંગવી.
હાઝર ઈમામને આપણે મૌલા અલી
કહીએ છીએ.

ترجمہ

دوسرا سبق (مسلسل)

مکھی صاحب اور کامڑیا صاحب کو "یا علی مدد" کہنا۔ "یا علی بابا" ہماری بیماریاں دور کرتے ہیں۔

"مولی علی" ہمارا حقیقی مددگار ہے۔

www.ja-alhaq.com

رات کو سوتے وقت اور صبح اٹھتے ہی ''مولیٰ علی'' سے مدد مانگنا چاہیے۔

امام حاضر کو ہم ''مولیٰ علی'' کہتے ہیں۔

حوالہ: سبق نمبر ۱۱ صفحہ نمبر ۸ شمشحسن ۱۱۱،

درسی کتب برائے مذہبی، نائب اسکولز۔ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

આપણા હાલના ૫૦ માં પીર હઝર
મૌલાના શાહ કરીમ અલ–હુસયની છે
પીરશાહ થકી આપણા ગુના માફ
થાય છે.
પીરશાહ આપણને સારી સમજ
આપે છે.
પીરશાહ આપણી દુઆ કબૂલ કરે છે
દુઆ પડવાથી હાઝર ઈમામ રાજી
થાય છે.
કોઈ ચીજ હાથમાંથી પડી જાય
તો પીરશાહ બોલવું.
બીમારી વખતે પીરશાહ બોલવું.
હાઝર ઈમામને આપણે પીરશાહ
કહીએ છીએ.

ترجمہ

چوتھا سبق (مسلسل)

پیر شاہ ہمارے گناہ بخش دیتے ہیں۔ پیر شاہ ہمکو اچھی سمجھ عطا فرماتے ہیں۔ پیر شاہ

www.ja-alhaq.com

ہماری دعا قبول کرتے ہیں۔ دعا پڑھنے سے حاضر امام خوش ہوتے ہیں۔

کوئی چیز ہاتھ سے گر جائے تو اس وقت ''پیر شاہ'' بولنا چاہیئے۔

بیماری کے وقت ''پیر شاہ'' بولتے رہنا امام حاضر کو ہم ''پیر شاہ'' کہتے ہیں۔

حوالہ: سبق نمبر ۱۷ صفحہ نمبر ۱۲ شکشھن مالا کے جی

منظور شدہ درسی کتاب برائے ریلیجس نائٹ اسکول

یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

(۴۲)

પીરનું કામ ઝમાનાના ઇમામ પોતાની ઇચ્છાથી કોઇ પણ વ્યક્તને અર્પણ કરે છે અને કોઇ વખતે એ પીરાતન પોતા પાસે રાખે છે. જેમ ૬૦ ઇમામ સુલતાન મુહમ્મદ શાહે પીરાતન પોતા પાસે રાખી હતી અને હાલમાં પણ શાહ કરીમ હાઝર ઇમામે પણ પીરાતન પોતા પાસે રાખેલ છે જેથી આપણે તેઓને "નૂરુલ મોમેનીન પીર નુર મૌલાના શાહ કરીમ હાઝર ઇમામ" તરીકે તેમ તેઓને ૫૦મા પીર તરીકે ઓળખીએ છીએ. એ પીરાતની નુર હાલમા શાહ કરીમ હાઝર ઇમામમાં છે. જે નુર અવ્વલ પીર નબી મુહમ્મદ મુસ્તફામાં હતું. તે નુર હાલમાં કરીમ હાઝર ઇમામમાં રહેલ છે.

પ્ર. કલમાની મહત્વતા વિષે આપણા પીર સદ્રદીન સાહેબે ગીનાનમાં શું ફરમાવ્યું છે?

ઉ. એજી ભણે સુણેને બુજે એસા.
બે દ ન જા ણે તેસા;
બીન કલમે જો નમાઝ ગુજારે,
સી ર બી ના ધ ડ કે સા ઇલાહી-

એજી કલમા કુંચી મીંદર તેરા,
પે ઠ ન સ જે અ ને રા.
કલમે બિના મોક્ષ ન હોવે,
સો ક લ મા કું ચી તે રા. ઇલાહી→

ترجمہ:۔ امان زمان اپنی مرضی کے مطابق کسی بھی شخص کو پیر ہونا مقرر کرتے

www.ja-alhaq.com

ہیں۔ کبھی پیر ہونا (پیراتن) اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔ جس طرح حضرت امام سلطان محمد شاہ نے ''پیراتن'' اپنے پاس رکھی تھی اور موجودہ شاہ کریم امام حاضر نے بھی ''پیراتن'' اپنے پاس رکھی ہے۔

اس وجہ سے ہم ان کو (امام حاضر کو) کل پیروں کا پیر ''شاہ کریم حاضر امام'' کہتے ہیں۔ اس طریقہ سے ہم ان کو پچاسواں پیر سمجھتے ہیں۔ یہ پیر اتنی نور موجودہ امام حاضر شاہ کریم میں موجود ہے۔

جو نور اول پیر بنی محمد مصطفیٰ میں تھا وہی نور اس زمانے میں شاہ کریم امام حاضر میں جلوہ گر ہے۔

حوالہ: صفحہ ۵۱ مارگ درشکا حصہ ۱ از مشنری علی بھائی بابوانی

منظور شدہ مخصوص درسی کتاب

یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

www.ja-alhaq.com

પાઠ ચોથો

પીરશાહ

હાઝર ઈમામ પીરશાહ છે.

આપણા પહેલા પીર હઝરત નબી
મુહમ્મદ મુસ્તફા રસૂલ સલ્લલ્લાહુ
અલય વ સલ્લમ છે.

આપણા પહેલા ઈમામ હઝરત અલી
(અ. સ.) છે.

આપણા હાલના ૪૯માં ઈમામ
હઝરત મૌલાના શાહ કરીમ
અલ-હુસયની છે.

چوتھا سبق

پیر شاہ

امام حاضر پیر شاہ ہے

پیر شاہ یعنی نبی اور علی۔

ہمارے پہلے پیر حضرت محمد مصطفیٰ ہیں۔ ہمارے پہلے امام حضرت علی ہیں۔

ہمارا پچاسواں پیر حضرت مولانا شاہ کریم الحسینی ہے۔

ہمارا انچاسواں امام حضرت مولانا شاہ کریم الحسینی ہے۔ (مسلسل)

حوالہ: سبق ۱۷ سبق نمبر ۱۱ شکشھن مالا۔

منظور شدہ درسی کتاب برائے رلیجس نائٹ اسکولز۔

یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

www.ja-alhaq.com

૬૦ ઇબ્રાહીમના ઝમાનામાં ઇસમાઇલ હતા.

૬૦ મુસાના ઝમાનામા હારૂન હતા.

૬૦ ઇસાના ઝમાનામાં સમઉનસફા હતા.

૬૦ મુહમ્મદ મુસ્તફાના ઝમાનામાં ૬૦ અલી અ. સ. હતા.

પ્ર. પયગમ્બર તે નાતેક અને અસાસ તે પાત્ર અથવા પયગમ્બ. રને મદદ કરનાર (ઇમામ) આમા મોટા દરજ્જે કોનો છે?

ઉ. અસાસનો દરજ્જે મોટો છે કારણ કે જે કામ પયગમ્બરોથી થતુ નહિ હતું તે અસાસ કરતા હતા. વળી પયગમ્બર માંથી ઇમામ બનાવવા ખુદાતઆલાએ વચન આપ્યું હતું. જેમ ૬૦ ઇબ્રાહીમ અ. સ. ને માટે બન્યું જેથી અસાસનો દરજ્જે મોટો છે એમ સાબીત થાય છે. પયગમ્બર કે જે ખુદાઇ સંદેશો પહોંચાડે છે અને ખુદાની ઓળખાણ માટે હિદાયત કરે છે જ્યારે અસાસ પોતાની શક્તિથી પોતેજ હિદાયત કરે છે અને પોતાના કાર્યથીજ પોતાની ઓળખાણ કરાવે છે. એટલે તેને કોઇની મદદની જરૂર રહેતી નથી.

પ્ર. અસાસને કોઇની મદદની જરૂર રહેતી નથી તેનું કારણ શુ?

ઉ. કારણ કે તેમા ખુદાઇ નૂર હોય છે. એ ખુદાઇ નૂરની શાહતથી પોતે જે ધારે તે કામ કરી શકે છે.

પ્ર. પાત્ર જેને અસાસ તરીકે ઓળખાવેલ છે અને જેમા ખુદાઇ નુર હોય છે તે બાહેરમાં કેમેરા હોય છે કે જેવા હોય છે.

સوال :۔ پیغمبر یعنی ناطق اور ''اساس'' یعنی امام ان دونوں میں کس کا درجہ بڑا ہے؟

جواب۔ ''اساس'' کا بڑا درجہ ہے کیونکہ جو کام پیغمبروں سے نہیں ہوسکتا تھا وہ ''اساس'' (امام) کرتے تھے اور پیغمبروں میں سے اماموں کو بنانے کا اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔ جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے ہوا تھا۔ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ ''اساس'' کا درجہ بڑا ہوتا ہے۔ پیغمبر اللہ کا پیغام پہنچاتے ہیں اور اس کے ذریعہ اللہ کی پہچان کراتے ہیں جبکہ ''اساس'' یعنی امام اپنی خود کی طاقت سے بذات خود ہدایت کرتے ہیں۔ اپنی پہچان آپ کراتے ہیں اور ان کو کسی مدد کی ضرورت نہیں ہوتی۔

حوالہ: صفحہ ٦٨ مارگ درشیکا حصہ ا از: مشنری علی بھائی یا بوانی

منظور شدہ مخصوص درسی کتاب برائے رلیجس نائٹ اسکولز

یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

www.ja-alhaq.com

એજી એહ રમત એની આદ ઉણીઆદથી.
જ્યાં થકી સિરજ્યો સર્વે સંસાર:
આદ નારીજન તે નર અલી કહીએ,
તે નબી મુહમ્મદે ઓળખીયો પોતાના ભરથાર.
એજી નાન ઠામ જે નર અલી કહીએ,
પંથા પંથ માંહે એની શ્રેવા થાય છે સાર;
જેટલા વરણ છે આ સંસારમાં
તે સર્વે નામ અલીનું જપે છે નીરધાર.
એજી તે વરણાવરણ માંહે ઠેરાવીયું,
અલી પોતાનુ નામ કીરતાર
આ જમી આસમાન તેથી થર રહ્યા
તેના નામથી સર્વે મુસાર.
એજી તે રૂપ શ્રી ઇસ્લામશાહનું કહીએ,
અને નબી મુહમ્મદ તે સતગુર પીર સદરદીન સાર;
જુગાજુગ એ નરની સેવા માંહે રહીયા.
તે સતગુર સત બ્રહ્માનો અવતાર.
એજી તેરે ઘર • અમે પામીઆ,
તે શ્રી ઇસ્લામશાહ દાતાર;
અમે તે અમારો વર ઓળખીઓ,
મોમીનો તમને કહું છું પુકાર.
એજી એ નર શ્રી ઇસ્લામશાહ અમે ઓળખીયો.
તારે ફરમાન આલીમા સતગુરજીને સાર;

اول ہی سے جو اللہ ہے اسکو علی کہیئے

نبی محمد نے اپنے شوہر کو پہچانا (یعنی علی کو)

حوالہ: گنان مومن چیتامنی از: سید امام شاہ

نا گنان کا مجموعہ صفحہ نمبر ۱۴۴

مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

www.ja-alhaq.com

કરોડે જીવોને મોક્ષ મળશે. (૧૩૯)

નિરગુણકે ગુણ્હોત હય ભારી, આપે ખેલ ખેલાડી; ૧૪૦

અર્થ : એ નિરગુણ યાને ખુદાના ગુણ સમજવા તો બહુ મુશ્કેલ છે કારણ કે અનેક ખેલ પોતે ખેલાડી બનીને કરે છે.

શમ્સ દરિયા. દરિયા શોધે, ફકીરી વેષે અહોત પરબોધે; ૧૪૧

અર્થ : પીર શમ્સ દરિયા, નુરી સમુદ્રની શોધ કરીને ફકીરી વેષ લઈને પણાઓને પ્રબોધ કરે છે.

જેસે જે કોઈ સમજહી પાવે, તિનહીકું તેસે સમજાવે; ૧૪૨

અર્થ : જેવી રીતે જે સમજી શકે તેને તેવી રીતે પીર શમ્સ સમજાવે છે.

ગુર શમ્સ એ ભેદ લીખાવે, સાચે મોમન સાહેબકું ધ્યાવે; ૧૪૩

અર્થ : પીર શમ્સ એ ભેદ બોલીને બતાવે છે અને જે સાચા મોમન હોય તેજ હાજર ઇમામની સેવા કરે છે.

હોયા હોએસી હોવણ હાર, શાહ પીરકું [illegible]

અર્થ : આખા દુનિયામા જે આગળ થઇ ગયા અને ભવિષ્યમાં થવાવાળા અને હાલ જે છે તે બધા મોમન શાહ પીરની આરાધના કરતા હતા, કરશે અને કરી રહ્યા છે.

તાંતે તીનકી કહી મે ગાથા, જ કાઇ રહુવ સાહુબહ સાથા, ૧૪૫

અર્થ : તેટલા માટે મે તેઓની વાતા કહી છે કે [illegible] હાજર ઇમામની સાથે મહોબત રાખે છે.

સો અલીકા દેખે સર્વ વિલાસા, જે કોઇ ખોજે [illegible] ૧૪૬

અર્થ : જે કોઇ અંક ધ્યાન થઇ ખુદાને નુર મળવવા શોધખોળ કરે છે તેજ

ترجمہ

اس دنیا میں جو مومن پہلے تھے اور جو مومن اس وقت ہیں اور جو آئندہ ہوں گے یہ سب مومن ''شاہ پیر'' (امام) کی عبادت کرتے تھے۔ کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔

حوالہ: گینان برہم پرکاش از۔ پیر شمس الدین

مجموعہ مقدس گینان صفحہ نمبر ۲۹۷

یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا۔ بمبئی

www.ja-alhaq.com

અપુર્ણજ રહયું હતું. હ. મુહમ્મદ (સ.) પછીજ પયગંબરી પુરી કરવામાં આવી.

આ બધાનું કારણ એ હતું કે બધા નબીઓનું કામ ઇન્સાનને એ "સીધા માર્ગ" સાથે જોડી દેવાનું હતું જ્યાંથી ઇન્સાન અલ્લાહનો સાક્ષાત્કાર કરી શકે. જેની ફરમાંબરદારી ખુદાની ફરમાબરદારી હોય, જેના હાથ ખુદાના હિદાર હોય અને જેની બયત ખુદ અલ્લાહની બૈયત હોય. એજ હાસ્તના સઘળા નબીઓએ મનુષ્યોને દર્શન કરાવવાના હતા.

હ. અલી (અ.સ., એ શક્તિ હતા, અલ્લાહનો સાક્ષાત્કાર થઇ શકે એવો "સીધો માર્ગ" હતો આ "સીધો માર્ગ" મોમીનોને મળ્યો અને ઇસ્લામ સંપુર્ણ બન્યો, પયગંબરી પુરી થઇ અને ઇમામતની શરૂઆત થઇ. ઇમામતની શરૂઆત એટલે ખુદા જે સ્વરૂપે જાહેર છે, પ્રગટ છે તેનો પ્રત્યક્ષ પુરાવા, ઇમામ એટલે એ "સીધો માર્ગ" જેને અનુસરીને જેનું દામન પકડી રાખીને ઇન્સાન અલ્લાહ સાથે સીધો સંપર્ક સાધી શકે છે. જેની ફરમાંબરદારી અલ્લાહની ફરમાબરદારી છે, જેના નુરની હિદાર અલ્લાહના નુરના હિદાર છે જે મયદાનમાં હ. પયગંબર સાહબને વફા થયા હતા.

ઇમામતની શરૂઆત એટલે અલ્લાહની જરૂરાતનો-તેના પ્રગટ સ્વરૂપનો અંતિમ અને સંપુર્ણ તબક્કો, ખુદાની જાહેર થવા વિશ્વની ઇચ્છાની પરાપુર્ણતા; પયગંબરો મારફત

ترجمہ

سارے انبیاء کا کام انسانوں کو صراط مستقیم پر گامزن کرنا ہے۔ جہاں سے انسان الہ کا بچشم خود دیدار کر سکے۔ جس کی فرماں برداری خدا کی فرماں برداری ہے جس کا دیدار ہے جس کی بیعت خود اللہ کی بیعت ہے۔ اسی ہستی کا بنی نوع انسانوں کو دیدار کرانا انبیاء کا اولین فریضہ تھا۔

حضرت علی وہ طاقت تھے جہاں سے اللہ کا بچشم خود دیدار ہو سکے وہی ایسا سیدھا راستہ یعنی صراط مستقیم تھے۔ اسی صراط مستقیم (سیدھا راستہ) ملنے کی وجہ سے اسلام کی تکمیل ہوئی۔ نبوت ختم ہوئی اور امت شروع ہوئی۔

www.ja-alhaq.com

امامت کا آغاز اس بات کا بین اور واضح ثبوت ہے کہ خدا (امام کی) شکل وصورت میں ظاہر ہے۔ امام ہی صراط مستقیم ہے۔ جس کی پیروی کر کے جس کا دامن تھام کے انسان اللہ کے ساتھ سیدھا رابطہ قائم کر سکتا ہے جس کی (امام کی) فرمانبرداری اللہ کی فرماں برداری ہے جس کا نورانی دیدار اللہ کے نور کا دیدار ہے وہ دیدار جو نبی محمد کو بھی معراج کے دن ہوا تھا۔ امامت کا آغاز اللہ تعالی کے ظاہر ہونے کی خواہش کی تکمیل اور اللہ تعالی کا آخری اور مکمل مظہر ہے۔

حوالہ: کلام الٰہی اور فرمان امام صفحہ نمبر 47 از عالیجاہ سلطان نور محمد

یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے تنزانیہ۔ طباعت اسماعیلی پریس بمبئی

તેઓ અલ્લાહના માત્ર સંદેશવાહક છે. કારણ કે તેઓશ્રીનો ઉદ્દેશ એજ હતો કે માણસો જે મુળશક્તિ છે તેનીજ શનાખત કરવા પ્રેરાય, તેઓ પરહેજગાર બને, તેમના હૃદયો પવિત્ર થાય, આત્મામાં છવાએલા અંધકારનો નાશ થાય અને તેઓ અલ્લાહની જાત સાથે અન્ય કોઇને શરીક ન કરે અને અલ્લાહનેજ ઓળખી તેનીજ બંદગી કરે.

સૃષ્ટિસર્જન પાછળની અલ્લાહની ઇચ્છાજ આ હતી, તેનો હેતુજ આ હતો અને આપણે જોઇ ગયા કે ઇમામતની શરૂઆત થતાજ આ હેતુ પરિપુર્ણ થયો ઇમામ જાહેર થયા પછીજ ઇસ્લામને અલ્લાહ પોતાના મઝહબ તરીકે પસંદ કર્યો, તેને સ્વીકાર્યો, અને પયગંબરીનો દૌર પણ ખતમ કર્યો. આ પછી કોઇ પયગંબર આ જગત પર આવ્યા નથી. આનો અર્થ એ છ કે ઇમામની જહુરાત અને જાહેરાતમાજ અલ્લાહની પોતાની જહુરાત અને જાહેરાત સમાએલી છે. મસ્નવી શરીફમાં ફરમાવ્યું છે: 'જેની ઓળખાણ થતાજ ખુદાની ઓળખાણ થઇ જાય, જેની આરાધના ખુદ ખુદાની આરાધના ગણાય, જેની સ્તુતિ ખુદાની સ્તુતિ હોય, જેની બૈયત ખુદાની બૈયત હોય, જેનું ફરમાનપાલન-આજ્ઞાપાલન એ પણ ખુદાનું આજ્ઞાપાલન હોય.', એ હસ્તી કોણ

પાક કુરાનમાં ફરમાવવામા આવ્યુ છે અને જે આપણે દરરોજ દુઆમાં પઢીએ છીએ તેનો ઉલ્લેખ અત્રે ખુબજ આવશ્યક છે:

www.ja-alhaq.com

ترجمہ

امام (علی) کے ظاہر ہونے کے بعد اللہ نے اسلام کو مقبول کیا اور پسند کیا اور پیغمبری کا دور ختم ہوا۔ اس کے بعد کوئی پیغمبر اس دنیا میں نہیں آیا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ امام کا ظہور اللہ کا ظہور ہے۔ جس کی پہچان اللہ کی پہچان ہے۔ جس کی بندگی اللہ کی بندگی ہے جس کی حمد اللہ کی حمد ہے جس کی بیعت اللہ کی بیعت ہے۔ جس کی فرماں برداری اللہ کی فرماں برداری ہے۔

حوالہ: صفحہ نمبر ۵۴ کلام الٰہی اور فرمان امام از عالیجاہ سلطان V نور محمد یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے تنزانیہ، طباعت اسماعیلی پریس بمبئی۔

જાહેરાત અને જાહેરાત કરી અને તે દિવસે ઇસ્લામ સંપૂર્ણ બન્યા, અલ્લાહ તરફથી સ્વીકારાયે અને તે બાદજ પયગંબરીનો દૌર ખતમ થયો. આ પરથી પુરવાર થયું કે અલ્લાહ અને બંદા વચ્ચે કોઇ મધ્યસ્થી ન હોય પંણ જેની ઓળખાણ થયેલી ગણાય જેનું દામન પકડતા અલ્લાહ ભણી પોતાના આત્માને દોરવી જવાય, જેની બૈયત અલ્લાહની બૈયત ગણાય અને જેનુ આજ્ઞાપાલન એ ખુદ ખુદાનુ આજ્ઞાપાલન ગણાય એવો 'સીધો માગ' એટલે ઇમામ.

દ્વારા મદદ અને દોરવણી મળતા હતા. છતાં હ. મુહમ્મદ આગમન થયું, ઇસ્લામની સ્થાપના થઇ અને સૌ જાણે છે તે તેમણે માનવઆત્માને વિકસિત કરીને પછી હ. અલી અ.સ.ને

ترجمہ

حضرت محمد پیغمبر مبعوث ہوئے۔ اسلام قائم ہوا۔ صحابہ میں روحانی قوت بڑھا کر حضرت علی کا بحیثیت امام آپ نے تعارف کرایا۔ اور اسی روز اسلام مکمل ہوا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقبول ہوا۔ اس کے بعد ہی پیغمبری کا دور ختم ہوا۔ اس سے یہ ثابت ہوا کہ اللہ اور بندے کے درمیان کوئی واسطہ نہیں ہوسکتا۔ جس کی پہچان اللہ کی پہچان ہوتی ہے۔

www.ja-alhaq.com

جس کا دامن پکڑ لینا اللہ کی طرف رجوع ہونے کے برابر ہے۔ جس کی بیعت اللہ کی بیعت ہے۔ جس کی فرماں برداری خود خدا کی فرماں برداری ہے یہ صراط مستقیم یعنی امام ہے۔

حوالہ :صفحہ ۲۰اور۲۱ کلام الٰہی اور فرمان امام از عالیجاہ سلطان V نور محمد یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوی ایشن برائے تنزانیہ۔ طباعت اسماعیلی پریس بمبئی

કુરઆને શરીફની સાચી સમજણ અને છુપા ભેદ અને તેના અર્થનું જ્ઞાન હાજર ઈમામને હોય છે હાજર ઇમામ 'કુરઆને નાતેક' છે જેથી તેઓના ફરમાન પ્રમાણે ચાલવું જોઈએ અને તેના ફરમાન પ્રમાણે ચાલનારની દુનીયામાં આબાદી થાય છે.

ઇમામનો હાથ એ ખુદાના હાથ બરાબર છે. ઈમામનો ચહેરો ખુદાના ચહેરા બરાબર છે. ખરા મકીનથી ઈમામના દીદાર કરનાર ખુદાના દીદાર કરે છે એમ થયું.

જેના ઉપર ઇમામનો હાથ છે તેના ઉપર ખુદાનો હાથ છે ઈમામની બૈયત એ ખુદાની બૈયત છે ઈમામની ઓળખાણ એ ખુદાની ઓળખાણ છે.

ખુદાતઆલા જેના ઉપર રાજી થાય છે તેને પોતાના નુર વડે એટલે હાજર ઇમામ થકી સીધો રસ્તો યાને સતપંથ બતાવે છે.

ઈમામનું જીસમ માણસના જેવુ હોય છે પણ તે જીસમ પાક હોય છે. ઇમામ હમેશાં પાક અને

تیسرا درجہ

دوسرا سبق

قرآن شریف کی صحیح سمجھ اور اسکے چھپے بھیدوں کے صحیح معنی اور صحیح علم "امام حاضر" کو

www.ja-amaq.com

ہی ہوتا ہے۔

''امام حاضر'' قرآن ناطق (یعنی بولتا ہوا قرآن ہے اس لئے اس کے فرمانوں کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔ اس کے فرمانوں پر عمل کرنے والے دنیا میں فلاح پاتے ہیں۔

امام کا ہاتھ خدا کے ہاتھ کے برابر ہے۔ امام کا چہرہ خدا کے چہرے کے برابر ہے۔ عقیدت سے امام کا دیدار کرنے والا۔ خدا کا دیدار کر رہا ہے۔

حوالہ : سبق II صفحہ نمبر ۸ شکشھن مالا III درسی کتاب برائے نائٹ اسکول ریلیجس یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا بمبئی۔

[૩૬૩]

તમારે કોઈ કામ નથી હોતું અને દીદાર કરવા આંહી છો ત્યારે, અમે તમને જોઇને ઘણા ખુશી થઈએ છીએ, પણ કે ઝાડીને અને પોતાના ઘંધામાં નુકશાન ઉઠાવી આંહી આવો તેથી અમે ખુશી થતા નથી. ખાનાવાદાન."

ફરમાન ૫૩૦ મું.

મુંબઇ (વાડી) તા. ૨૯-૧૨-૧૬

હક મૌલાના ધણી સલામત સરકાર સુલતાન મોહમ્મદશાહ હાજા ફરમાવ્યું:

"તમે જાણતા હશો કે આજે પળે પળ માનવીનું જીવન જગત પલ્ટાતા જાય છે, દરેક વસ્તુ બદલાતી રહે છે, જેમાં દોરવણી હાજર ઇમામજ આપી શકે. ઇસમાઇલીઓ પાસે એવી આટે કોઇ લખેલું પુસ્તક નથી, પણ હયાત ઇમામ

અંગ્રેજ અમલ ધી આગાખાન સોલ્વન્સી સર્ટીફીકેટ કમીટીના ડીરેક્ટરસભા

"અમારી આખી જીંદગીમાં અમે દબાણ કરેલ નથી, પ્રસંગ અનેક અને કામ માટે અત્યંત ફાયદાકારક હોવાથી તમને ભારપુર્વક અપીલ કરીએ છીએ.

કોઈપણ પ્રસંગે અમે કોઇને પણ દબાણ કરેલ હોય કોઈ વ્યકિત હોય તો તે ઊભી થાય."

બોડીયાર રાહ જોયા બાદ કોઈ ઊભું નહિ થવાથી ફરમાવ્યું:

"કોઈ એવો દાખલો નથી. ખાનાવાદાન."

ફરમાન ૫૩૧ મું.

મુંબઇ તા. ૩૦-૧૨-

હક મૌલાના ધણી સલામત સરકાર સુલતાન મોહમ્મદશાહ હ

www.ja-ilmi.com

૪૯

خلاصہ

آپ جانتے ہیں کہ انسان کی زندگی اور دنیا ہر وقت بدلتی رہتی ہے۔ ہر چیز بدلتی رہتی ہے۔ جس میں صحیح ہدایت امام حاضر ہی دے سکتے ہیں۔

اسماعیلیوں کے پاس ہدایت کے لئے کوئی لکھی ہوئی کتاب نہیں ہے۔

مگر زندہ امام ہے (ہدایت کے لئے)۔

آغا خان III کے فرامین کا مجموعہ

حوالہ: فرمان نمبر ۵۳۰ کلام امام مبین حصہ II صفحہ ۳۹۳

یکے از مطبوعہ اسماعیلیہ ایسوسی ایشن برائے انڈیا بمبئی۔

[۱۷]

લોકોને ફરમાવ્યું કે, આ કિતાબ મને રસૂલિલ્લાહે આપી છે, તેમ તમારી પાસે કઈ આવવા વસિયત કરી હતી, માટે તમે કયો.

ત્યારે સર્વે લોકો બોલ્યા કે, અમારી પાસે હજરત ઉસ્માનની કિતાબ છે, તે બસ છે. તમારી કિતાબની અમને જરૂર નથી.

ત્યારે મુર્તઝઅલીએ ફરમાવ્યું કે, આ કિતાબની તમને રતી જેટલી પણ, કયામતના દિવસ સુધી ખબર નહિ પડે. એમ કહી કિતાબ પોતાને ઘરે પાછી લઈ ગયા.

